15/10/2021

وزیراعلیٰ نے ہندوستان-بنگلا دیش بین الاقوامی سرحد پر فرائض کی انجام دہی کے دوران شہید ہوئے ضلع کانپور شہر کے بی ایس ایف کے جوان جناب شیلیند ر دوبے کو جذباتی خراج عقیدت پیش کیا

وزیراعلیٰ نے شہید جوان کے اہل خانہ کو 50 لاکھ روپئے کی اقتصادی مدد دینے کا اعلان کیا

لکھنؤ 15 اکتوبر 2021

اتر پردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ہندوستان-بنگلا دیش بین الاقوامی سرحد پر فرائض کی انجام دہی کے دوران شہید ہوئے ضلع کانپور شہر کے بی ایس ایف کے جوان جناب شیلیند ر دوبے کو جذباتی خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

وزیراعلیٰ نے شہید جوان کے اہل خانہ کو 50 لاکھ روپئے کی اقتصادی مدد دینے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے شہید کے اہل خانہ کے ایک فرد کو سرکاری نوکری دینے نیز ضلع کی ایک سڑک کو شہید جوان جناب شیلیند ر دوبے کے نام موسوم کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔

وزیراعلیٰ نے شہید جوان جناب شیلیند ر دوبے کے اہل خانہ کے تئیں اپنی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ رنج وغم کی اس گھڑی میں حکومت ان کے ساتھ ہے۔ریاستی حکومت کے ذریعہ جوان کے اہل خانہ کو ہر ممکن مدد دی جائے گی۔

☆☆☆☆☆